حمطایا

عبدالعزیز خالد



حمطایا

○

جس کا صحیفوں میں نام ہے حمٓ طٰہٰ یٰس

جس کو حِرا میں مِلا پیامِ: اِقْرَاْ

رَبِّ حرم کی طرح ہے جو بے ہمتا

وہ عَبْدُہٗ وَ رَسُولُہٗ ۔ اُنْظُرْنا!

صَلُّوا عَلَیْہِ وَ سَلِّمُوا تسلیما!

○

حمطایا

عبدالعزیز خالد

مقبول اکیڈمی
ادبی مارکیٹ، چوک انارکلی، لاہور

طبع اوّل ——— اپریل ۱۹۷۶ء
ناشر ——— ملک مقبول احمد
مطبع ——— شاہ اینڈ سنز پراسس پرنٹرز۔ لاہور
قیمت ——— بارہ روپے

مقبول اکیڈمی، لاہور

وَمِنْ أسمائِهِ فِي الْكُتُبِ السَّالِفَةِ ـــ حَمْطايا

الشِّفاءُ ـــ

لِلقاضی عیاض الاندلسی

حَمْطایا ای حامی الحرم ومعنی الحرد فی حدیث کعب انه علیه الصلوٰۃ والسلام فی الکتب السّالِفَۃ

محمّد واحمد وحمیاطا ـــــ قال ابو عمر!

سألت بعض مَنْ اسلم من الیھود عنه فقال : معناہ

یحمی الحرم ویمنع من الحرام ویعطی الحلال۔

حُمّطایا ـــ مجمع البحار

حمیاط ، حِمیاطا ، حِمیاطی ـــ آنحضرت صلعم کا نام ہے ۔اگلی کتابوں میں ـــ یہودیوں نے اس کی تفسیر یوں کی ہے :

کہ حرام کاموں سے منع کریں گے ۔

ـــ لغات الحدیث

مؤلّفہ علامّہ وحید الزّمان

حِمیاطی ـــ محمّد کا ایک نام

ـــ ف ـ سٹین گیس

حِمیاطا ـــ الازھری عن ابن الاعرابی انه ذکر عن کعب

أنه قال أسماء النّبی صَلَّی اللّٰہُ علیهِ وَسَلَّمَ فی الکتب السّالِفَۃِ

محمّد و احمد و المُتوکِّلُ والمختارُ وحِمیاطا و معناہ حامِي الحُرَم وفارقلیطا

ای یَفرُقُ بین الحق والباطل۔

وَقال اَبُوعمرو سألت بعض من اَسْلم من الیھود عن حِمیاطا۔

فقال: معناہ یَحْمِی الحُرَمَ وَیمنع من الحرام و یُعطی الحلال۔

——— لسان العرب

حِمیاطیٰ ، حماطیطُ ——— مِنْ اَسْمَاءِ النَّبی صلّی اللّٰہُ علیہِ وسلّم

فی الکتبِ السّالِفَۃِ ای حامی الحُرَم۔

——— القامُوس

ہ کام جس کا ہے اَمْر بالمعرُوف
دے جو انساں کو خیر و شر کا وقُوف

ع کہتے ہیں مُحَرِّم و مُحُلِّل جس کو

ع حرام کام سے انساں کو روکنے والا!

ع روکے مُحرم کو جو محارم سے

ع جو ٹوکے ارتکابِ معصیت سے

ع بدی سے جو اولادِ آدم کو روکے

ع کرے تلقینِ مکارم جو بنی آدم کو

ع جو ہو مانع حرام کاموں سے

ع یَزْجرُ النّاسَ عَنِ الْآثَامِ،

ع وَعَنِ الرِّجْسِ وَالْاَوثانِ وَالْحرامِ

ع حٓمٓ طٰہٰ

حرام سے جو کرے منع، دے شعورِ حلال!
پناہ گاہِ حرم، صاحبِ جلال و جمال
علی الدّوام ہے رحمت، کرم علی الاِطلاق
جلال عینِ جمال و جمال عینِ جلال
دُعائے شیخِ حرم، مژدہ ابنِ مریم کا
غزالِ دشتِ بنی سعد، بنتِ وہب کا لال
خطاب جس سے طٰہٰ اَلاَرض یا محمدؐ! کا
خدیجہ بنتِ خویلد ہے جس کی مونسِ حال
لواءِ حمد قیامت کو جس کے ہاتھوں میں
ہو اس گھڑی بھی جسے صرف خلق ہی کا خیال
وہ جس کے قدموں کے لمسِ سعید کو ترسے
سرِ خبیب و دلِ بوذر و اویس و بلال

وہ جس کے خازن و خادم بخاری و مسلم
وہ جس کے چاکر و چاوش خالد و اقبال

۵- دُعائے پاکِ خلیل و بشارتِ عیسٰی

وہی ہے سرورِ کونین و خواجۂ ثقلین
وہی ہے قبلۂ اشواق و کعبۂ آمال

سلام بھیجو اسے بِالْعَشِیِّ وَ الْاَبکار
درود اس پہ پڑھو بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَال!

فہرست

اے شمال والے جنوب والے دَبور والے صبا!
شش جہت پھیلی ہے خوشبوئے نگارِ دلربا
کیفی اس خم کا ہوں جس پر ہو ختام مشکِ ناب
کیسے راس آئے مُوَحّد کو مئے آمیختہ؟

مِل کے کرتے ہیں ثنا جس کی ستارے صُبح کے
آخرِ شب مجھ کو بھی یارب! جھلک اس کی دکھا

انفس و آفاق جس کے نور سے ہیں مستنیر
کہکشاں اک نقشِ پا جس صاحبِ معراج کا

وہ قدم رنجہ کرے میں فرشِ پا انداز ہوں
وہ اَدب گاہِ ملائک، اِنس و جِن کا مُقتدا

یَا رَسُولَ اللّٰہِ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ کہے
یہ مقیمِ شہرِ دُور افتادگاں یہ خستہ پا

چاند دو ٹکڑے ہُوا سورج چلا اُلٹے قدم
اس کے فرمانِ محبّت سے کسے تابِ ابا؟

بے سر و ساماں پہ کھولا اس نے رازِ کُن فکاں
اس نے قومِ سوختہ کو قُم سے زندہ کر دیا

خالدِ بیچارہ و ناکارہ و ننگِ انام!
ہے ازل سے اس کے ہجرِ لم یزل میں مبتلا

کون ہو اس کی نگاہِ کار فرما کا حریف!
وحیِ ناطق کی ستائش کا ہو کیونکر حق ادا!

لذّتِ دیدارِ خوباں ہے بقدرِ ماحضر
میری حدِّ وسع سے باہر ہے مدحِ مصطفےٰ

کس زباں سے شکوۂ اندوہِ دلتنگی کروں؟
اس زباں سے جو ہے دائم محوِ تسبیحِ دفا؟

اس زباں سے کیسے ممکن ہے ثنائے دیگراں
چکھ چکی اک بار جو نعتِ نبی کا ذائقہ؟

اس طرح محوِ تکلّم مجھ سے ہوتا ہے سروش
آشنا سے گفتگو کرتا ہے جیسے آشنا

حسرتِ عرضِ تمنّا کو ملا رختِ بیاں
قصّۂ کوتاہئ قسمت بنا حرفِ دُعا

کعب و ابنِ ثابت و ابنِ رواحہ کی طرح
ہوگئی مجھ کو بھی توفیقِ ثنا خوانی عطا

ہر طرف جلوہ ہے تیرا ہر طرف تیرا ظہور
اسمِ اعظم ہے ترا اسم اے امامِ انبیا!

کس سے نسبت دوں تجھے کس سے تجھے تشبیہ دوں؟
اے کبیرِ کبریا! اے رحمتِ ہر دوسرا!

تیرے پاس آیا ہوں کشکولِ گدایانہ لئے
کر غریبِ شہر کی حاجت روا، اے بادشا!

ہے یہی فیروز بختی ہے یہی خوش طالعی
بندِ حزن و خوف سے آزاد ہے بندہ ترا

راہِ الفت میں جو مرتے ہیں فنا ہوتے نہیں
کشتگانِ عشق کا عمرِ ابد ہے خوں بہا،

بعد مرنے کے مرے میرا سخن باقی رہے
اے حبیبِ خالقِ اِقرأ بِاِسْمِ رَبِّکَ!

○

مہ و ستارہ کریں جس کے نام کی سُمرن
اسی کے دم سے فروزاں ہے میری شمعِ سُخن

اسی کی ضَو سے مُنوّر فراخنائے عدم
اسی کی لَو سے شبستانِ زندگی روشن

اسی کی موجِ تبسّم بہارِ لالہ و گُل
اسی کا طرزِ تکلّم نوائے مرغِ چمن

صبا کو مست خرامی سکھائی ہے کس نے؟
وظیفہ خوار ہے کس کا غزالِ وشتِ ختن؟

وہی ہے روحِ زمانہ وہی ہے جانِ جہاں
نہ جس کا کوئی قبیلہ، نہ جس کا کوئی وطن

سُنائی جس کی بشارت سطیح کاہن نے
صدا کی جس نبیِ ملحمہ نے سِرّ و علن

خبر کرو سپہِ کفر و ظُلم و عِصیاں کو
أَنَا رَسُولُ اللّٰہِ! بُعِثْتُ مَرغَمَۃً[1]

خدیجہ و ورقہ رمز آشنا جس کے
سنا نجاشی نے جعفر سے جس کا ذکرِ حسن

ہے جو نویدِ مسیح و دُعائے ابراہیم
ہے جس کے طورِ تجلّی کی سورج ایک کرن

گواہ جس کے بیاں کا خزیمہ بن ثابت
تھے جس کے مدح سرا اس کے بدتریں دشمن

---

[1] اس میں تسکینِ اوسط کا عمل ہے، چاہیں تو یوں بھی پڑھ سکتے ہیں: ہوں میں خدا کا پیمبر

خطاب جس سے کریں لوگ کہہ کے: اُنظُرنِی!
سلام بھیجے جسے ربِّ قادر و ذُوالمنَن

زمیں پہ جسم مگر سایہ آنسوئے افلاک
مقیمِ غارِ حرا، یکّہ تازِ چرخِ کہن

ستائے بھوک تو باندھے جو پیٹ پر پتھّر
ہے داغِ لالۂ شاداب فاقہ مست بدن

فِراشُہٗ، اُدَماً کَانَ حَشوُہ لیفٌ
نہ آشنا ہوئے لذّت سے جس کے کام و دہن

جو اپنے ساتھیوں کے پیچھے پیچھے چلتا ہے
غبارِ راہ سے جس کا اٹا ہُوا دامن،

جو یارِ غار کو پا کر اُداس کہتا ہے:
ہمارے ساتھ ہے پروردگار، لَاتَحْزَنْ!

ہجومِ فتنہ ہراساں نہ کر سکے جس کو
نہ آئے تنگیٔ دل سے جبیں پہ جس کی شکن

ہو کیوں نہ خاتمۂ تہذیبِ نفس کا اُس پر
دیں جس کو فرحت و راحت نماز و نکہت و زَن

کیا اسی نے شناسائے رازِ مرگ مجھے
اسی نے مجھ کو سکھایا ہے زندہ رہنے کا فن

وہ شاہِ ہر دو سرا، صاحبِ قضیب و لوا
ثنا سے جس کی ہے عاجز زبانِ شعر و سخن

کہوں: لَاَنْتَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ!
پہ رعبِ حُسن سے ہے دم بخود لبِ الکن

ہے یہ اس آدمِ یزداں صفت کا ذکرِ جمیل
میں نام لُوں کبھی جس کا نہ بے وضو اَدباً

کلیمِ وادیٔ ایمن اسی کا جویا تھا
اسی کی خالدِ عبدالعزیز کو ہے لگن!

○

غریب و دردمند و سوختہ جاں یا رسولَ اللہ!

میں خالدؔ ہوں ترا ادنیٰ ثنا خواں یا رسولَ اللہ!

سُخن میرا مُعَنْوَن باہمہ ایں سُست عہدی ہا

بنامِ شاہدِ نازک خیالاں یا رسولَ اللہ!

گرہ کھولی زباں کی رفتہ رفتہ طبعِ موزوں نے

تھا لُکنت کا سبب حرفِ پریشاں یا رسولَ اللہ!

گزاری ہے شبستانِ ہوس میں زندگی میں نے
پشیماں ہوں پشیماں ہوں پشیماں یارسولَ اللہ!

تنِ آساں، ناتواں، آلودہ داماں، بے سر و ساماں
میں کس منہ سے کہوں خود کو مسلماں یارسولَ اللہ!

فسوں آمیز باتوں سے، خمار آلود نظروں سے
دلِ سادہ کو بہکاتے ہیں خُوباں یارسُولَ اللہ!

رہے نامحرم و ناآشنا باوصفِ یکجائی
دماغِ نکتہ سنج و قلبِ ناداں یارسولَ اللہ!

نکالا تو نے میری جان کو پاتال کی تہ سے
ہے لَسْلاً بُعْدَ نَسْلٍ تیرا احساں یارسولَ اللہ!

جو مجھ کو زندگی دی ہے تو اب پایندگی بھی دے
ترا ہر لفظ ہے تقدیرِ یزداں یارسولَ اللہ!

ہو میرا شعر مصداقِ: نَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوحِی
رہے یہ شمع بجھ کر بھی فروزاں یارسولَ اللہ!

ہو تیرے ماسوا کس سے توقّع دستگیری کی ؟
ہے مردافگن مئے سرجوشِ عرفاں یارسولَ اللہؐ!

محبّت حُسن سے کرتا ہوں آزادی پہ مرتا ہوں
تپش دل کی ہے رزقِ چشمِ حیراں یارسولَ اللہؐ!

ہوں تیرا بندہ تیرا بردہ، بیٹا تیری باندی کا
بیاں کی منزلیں کر مجھ پہ آساں یارسولَ اللہؐ!

پراگندہ کیا ہے اس کو خواہش ہائے بیجا نے
عطا کر دل کو اطمینانِ ایماں یارسولَ اللہؐ!

تری رحمت کے دروازے کھلے ہیں ہر کہ ومہ پر
ہے تو واحد انیسِ مُستمنداں یارسولَ اللہؐ!

وَاَنْتَ اَلْکَاظِمِ لِلْغَیْظِ وَالْعَافِیْ عَنِ النَّاسِ
ہے انسانوں میں تو ہی کامل انساں یارسولَ اللہؐ!

تو خورشیدِ سحر، تو بدرِ کامل ہر ادا تیری
نگاریں، مُشک آگیں، عنبر افشاں یارسولَ اللہؐ!

صراطِ مستقیم و نجمِ ثاقب ہے لقب تیرا
ہے تجھ پر ختم ہر انعام و بُرہاں یا رسولَ اللہ!

ہے تیری خاکِ در کحلِ جواہر سے کہیں بڑھ کر
ترے دریوزہ گر ہیں میر و سلطاں یا رسولَ اللہ!

تری حلقہ بگوشی نازشِ اکلیل و افسر ہے
معیّت ہے تری معراجِ انساں یا رسولَ اللہ!

ترے طاعت گزار دل کو خدا مجذوب رکھتا ہے
لطیفہ ہائے پنہانی کے قرباں یا رسولَ اللہ!

نظر بیمار کی جیسے پڑے تیمار دارِ دل پہ
بہت تکلیف میں ہے نوعِ انساں یا رسولَ اللہ!

رعایا سے کہے راعی: فَلاَ کَیلَ لَکُم عِندِی
بھڑک اٹھا چراغِ زیرِ داماں یا رسولَ اللہ!

عزیزِ خاطرِ آشفتہ حالاں کون دنیا میں
ترے دلوانے پکڑیں کس کا داماں یا رسولَ اللہ!

سفینہ ہے رواں اپنا مگر آیاتِ مُرسیٰہا؟
کہیں پیدا نہیں منزل کا عنواں یارسولَ اللہ!

کفِ سیلاب ہے تیرہ شبی ہے نیشِ افعی ہے
زمیں دشمن، عدو گردونِ گرداں یارسولَ اللہ!

کہاں تارِ نفس ٹھہرے مقابل برق و باراں کے
بلائے بے اماں ہے موجِ طوفاں یارسولَ اللہ!

بھرے گا زخمِ ذلّت کب تری درماندہ اُمّت کا؟
ڈھلے گی کب سحر میں شامِ حرماں یارسولَ اللہ!

ہُوا ہے تنگ اس پر ہر طرف سے عرصۂ ہستی
سیہ بختی نے پکڑا ہے گریباں یارسولَ اللہ!

نہ دعوٰی بے گناہی کا، نہ شکوہ کم نگاہی کا،
ہے عینِ شرمساری چشمِ گریاں یارسولَ اللہ!

کرم نے تیرے بخشا حوصلہ عرضِ تمنّا کا
وگرنہ میں کہاں کا ہوں سخنداں یارسولَ اللہ!

کہاں بوصیری و حسّان بن ثابت، کہاں خالد!
نگاہے بر منِ ننگِ نیاگاں یا رسولَ اللہ!

○

ہے کبھی شعبِ ابی طالب، کبھی ثور و حرا
واقفِ اسرارِ خلوت کون ہے اس کے سوا؟
کی کلیمِ طورِ سینا نے اسی سے گفتگو
ہیں نشانِ راہِ ہر منزل اسی کے نقشِ پا
اسکو کہتا ہے محمدؐ نطقِ عبدُ المطّلب
ابنِ مریم نے اسی کو اِسمُہٗ اَحمد کہا

ہے وہی علاّمۂ اُمّی لقب، قاموسِ رب
ہے سراپا قدِّ آدم جو کلامِ کبریا

جو کہے: لَا اَسْتَطِیعُ اَنْ اَدُوْرَ بَیْنَکُنْ
اُمَّہاتُ المومنیں سے وہ مجسّم اتقا

ہے ردا اسکی حیا، غیرت ہے اسکا پیرہن
مَارَأَیْتُ فَرْجَہٗ قَطُّ ہے شہادت عائشہؓ

وصف اسکا لَیْسَ بِالجَافِی وَلَیْسَ بِالْمُہِیْن
دوستدار و غمگسارِ دردمند و بے نوا

اس سے بڑھ کر بھی کہیں ہے پاسِ خاطر کی مثال
قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ: اُمِّ ہانی سے کہا

ہے ازل سے بندہ پرور اس کا فیضانِ نظر
ہے ابد تک وہ نگہبانِ یتیم وَارْمِلَہ

جس سے نکلا جملۂ وَتَبًّالَکَ اس مُنہ میں خاک
تھا نحوست کا ہیولیٰ بُولہَب تَبَّتْ یَدَا

آرزوئے دیدِ شاعر ہے زبانِ شاہ پر
واہ وا اعجاز و اعزازِ کلامِ عنترہ!

حاضر و غایب دلِ عاشق حضوری میں رہے
آفرینش سے بھی پہلے اس پہ میں عاشق ہُوا

دیکھیں پھر کب نعمتِ دیدارِ جاناں ہو نصیب
چرخِ ناہنجار نے پھینکا ہے سنگِ تفرقہ

جنبشِ لب کی نہیں محتاج روحوں کی زباں
مَیں کلام اس سے کروں بے ترجمان و واسطہ

کس طرح عشق و ہوس میں کھینچیں خطِ امتیاز
ہر کس و ناکس بنا ہے زمزمہ سنجِ وفا!

گو ابُو تمّام کی مانند میں تمتام ہُوں
پر زباں پر ہے پیامِ اِشْنُذکرُ و القرآن کا

حرف ہے سرمایہ میرا، سوز ہے دولت مری
نام فرزانوں کی محفل میں ہے دیوانہ مرا

میرے سارے زمزمے ہیں اس صدا کی بازگشت
جس صدا کے لحن میں شامل ہے تنزیلِ خدا!

○

○

اے حبیبِ خدائے بے ہمتا!
لا شریکَ لکَ وَلا ندّا

سایہ پروردگار کا تجھ پر
نحنُ لا نعدِلُ بکَ شَیئا

کون تیرے سوا منُفّسِ غم؟
اَنتَ مولانا، اَنتَ سیّدِنا

وَجْهُكَ كَانَ قِطْعَةَ قَمَرٍ
سَرِ فاراں سے جو طُلوع ہُوا

صیقلِ عرصۂ زمان و مکاں
تابشِ طلعتِ جہاں آرا

کُنْتَ شَهْمًا وَّ اَشْهَلَ الْعَيْنَيْن
کوئی ہوگا نہ دلربا تجھ سا

اے شبستانِ اَنفُس و آفاق!
ہو مُنَوَّر کہ نُور آپہنچا

بیتِ معمُور کی قسم مجھ کو
زادِ راہِ وفا ہے درد ترا

رس کے ماتے کا من سدا آنند
نہ بیاں ہو نشاطِ نظّارہ

کِس نے دیکھا ترا انوپم رُوپ!
باہر و زاہرا اے اَلْبُوالزَّہراء!

(ہیں حروفِ مقطّعات تمام
اِسمہائے نبیّ بے ہمزہ)

تُو سر و برگِ جمُلہ موجودات
کوئی ہوگا نہ بے نوا تجھ سا

تو نے کھایا نہ پیٹ بھر کے کبھی
اور اکثر تو گھر میں فاقہ رہا

وَمِنَ الْجُوعِ بَطْنُکَ مَعْصُوب
حبّذا اے رسولِ ہر دوسرا!

اے قلیلُ المتاع ورَثُّ البیت!
اے سراپا سخا و استغنا!

مَا اَکَلْتَ علیٰ خِوانٍ قَطْ
عجز سے فرشِ خاک پر بیٹھا

تیرے قدموں میں ٹھوکریں کھائے
تاجِ فرقِ سکندر و دارا

تھامے رُوح القُدُس رِکاب تری
وہ شدیدُ القُویٰ و ذُو مِرّہ

تَحمِلُ الکَلَّ تَکسِبُ المَعدُوم
رہن ہے تیرے پاس دل میرا

اَحزَمُ النّاسِ اَکظَمُ بِالغَیظ
کون کونین میں مثیل ترا!

تیرے کہنے پہ یا اَمینَ اللہ!
لات و عُزّیٰ کو ہم نے چھوڑ دیا

(اَیُّھَا النّاسُ! اِسمَعُوا وَ عُوا
مَن عَصانی فَقَد عَصَی اللہَ)

یا مُحَمَّد! فِی الاَمرِ شاوِرھُم!
تو نے بے جان کو کیا گویا

بخشی خُدّام کو خُداوندی
زَیدؔ کہلایا: اَنتَ مولانا!

حُکمُکَ العَدلُ، قَولُکَ الفَصلُ
نامِ تیرا دوا ہے ذکر شفا

عِندَکَ رُقیتی وَ تِریاقی
میں مریض اور تو مسیح مرا

شبِ فرقت دراز ہے لیکن
دل ہے امّیدِ صبح پر زندہ

اے ردا بخشِ کعب و بوصیری
کر مجھے بھی کوئی نشانِ عطا

قیس ہوں دشتِ نجد کا میں بھی
ہمقراں ہوں قرونِ اولیٰ کا،

مرحمت کر لسانِ صدق مجھے
ذِلّت و ضیق و مسکنت سے بچا

جُز ترے کس کا آسرا مجھ کو؟
اے غریبوں کے ملجا و ماویٰ!

○

یا نبیَ اللہ ! یا رسولَ اللہ ! !
حامد و محمودؐ و احمد و اَوّاہ!
صُبحِ ازل سے بہ شامگاہِ ابد
ہے تری یکتائی کا زمانہ گواہ

تیرے کمالات کا شمار نہ حد
تیری فتوحات کا کنارہ نہ تھاہ

ہے قدمِ صدق کی خبر کِس کو؟
کون ہے تیرے مقام سے آگاہ؟

بردے تری بارگہ کے قیصر وجم
ذرّے تری رہگذر کے مہر وماہ

تُو ہے سرِ سرگراں کی تکیہ گاہ
تُو ہے دلِ دربدر کی جائے پناہ

منزلِ شوق و مُرادِ مشتاقاں
حوصلہ افزائے ہمّتِ کوتاہ

شاعرِ آوارہ گرد و ہرزہ نورد
ڈھونڈتا پھرتا ہے تیرے شہر کی راہ

بے سروساماں کی دستگاہ ہے تُو
میں ہُوں کہیں و کمیں تو عالیجاہ

تیرے کرم کے سہارے جیتا ہُوں
مَیں ہُوں غم اندوختہ تو شاہنشاہ

تیری تمنّا ہے جستجو ہے تری
مجھ کو نہیں آرزوئے مکنت وجاہ

اک جگر آشوب آہِ سینہ تاب!
اک گلو افشار نالۂ جانکاہ!

تیرے درِ فیض سے مِلی مجھ کو
محرمیٔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

تُو مُتوکّلِ بھی ہے وکیل بھی ہے
یا صَفِیَّ اللّٰہ ! یا حبیب اللّٰہ!

بات بڑی اور مُنہ مرا چھوٹا
تیرے مراتب کا ہوں ترقّی خواہ

اے مرے خوش نواز ! ہے یہ عرضِ نیاز
اک غلط انداز نیم باز نگاہ

کون جو تیرا چُکا سکے احساں؟
حق ہو ادا تیرا کس سے خاطر خواہ؟

دے کے مجھے اذنِ زمزمہ سنجی
کس نے مرے دل میں پھونکی تیری چاہ؟

میں شبِ دیجور تو فروغِ سحر
خاکِ پراگندہ میں، تو خرمنِ ماہ

تیری ثنا اور رُوسیہ خالدؔ!
یہ بھی ہے توفیقِ حقّ و عونِ الٰہ!

○

نثارِ راہِ پیمبر ہے فکر و فن میرا
میں عندلیبِ نوا زن ہوں وہ چمن میرا
ازل سے ہم میں ہے اک فصل و وصل کا رشتہ
میں اس کا آہوئے رم خوردہ وہ ختن میرا

جہاں سے راستہ فردوس کو نکلتا ہے
وہی ہے اے مرے اہلِ وطن! وطن میرا

رسولِ بازپسیں ہے مگر نخستِ رسل
ہے اس ذکر سے پُر انگبیں دہن میرا

ملاذ و موئل و معقل، معاذ و کہف و کنف
امینِ ربِّ مہیمن ہے مؤتمن میرا

پکارتا ہے خدا جس کو "عَبْدِنَا" کہہ کر
وہی ہے اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا میرا

بغیر اس کے میں تنہا ہوں نامکمّل ہوں
ہے وہ ندیمِ نو و ہمدمِ کہن میرا

اسی کی ضو سے ہے ظلماتِ کُن فکاں روشن
اسی کی لَو سے ہے سینہ کرن کرن میرا

اسی کے پاس گرو ہے مرادِلِ بے قید
اسی کی یاد میں رہتا ہے من مگن میرا

کفن حُضُور کا دو چار یں حَضُور کی تھیں
سلے گا تارِ رگِ سنگ سے کفن میرا

۵۔ یمن کی ایک بستی

میں مُشتِ خاک ہوں مرنا مرا مقدّر ہے
دُعا ہے زندہ رہے حشر تک سُخن میرا

بہم ہیں مجھ میں گراں جانی و سبک رُوحی
کہیں فریبِ خودی ہو نہ حُسنِ ظن میرا

الاؤ دل کا بجھاؤں اگر تو کس شے سے
ہے بادہ شیشہ گداز و سبو شکن میرا

زبورِ غم کو پڑھا ہے ورق ورق میں نے
سوادِ حرف سے روشن ہے تن بدن میرا

حریفِ نعمتِ ہمیبر نہ ہو سکے کوئی
وفورِ عجز سے ہے سر بہ سجدہ فن میرا!

○

اے شاہکارِ فکر و فنِ رَبِّ ذُو الجلال!
آئینۂ جمال ہے تُو مَشہدِ کمال

تو عارفِ بصیر ہے مُتبَصِرِ خبیر
اے شاہد و مُشاہدِ انوارِ لایزال!

تو صاحبُ المقام ہے تو صاحبُ القدم
ہمتا ہے کوئی تیرا نہ تیرا کوئی ہمال

تو صاحبُ القضیب ہے تو صاحبُ اللّوا
تیری کوئی نظیر نہ تیری کوئی مثال

تو صاحبُ الھراوہ ہے تو صاحبُ العصا
تیرے کمال کو نہیں اندیشۂ زوال

تو صاحبُ الازار ہے تو صاحبُ الرّدا
سُفیان بن وکیع سے سنتے ہیں تیرا حال

كَانَ النَّبِیُّ إِذَا فَرِحَ غَضَّ طَرْفَهُ
دیکھا نہ ہم نے ایسا کریم سخا سگال

اِحصا محال تیری صِفات و نُعُوت کا
کِس کو نصیب محرمیٔ پردۂ خیال؟

جھڑتے ہیں پھُول لعلِ یمن سے دمِ سُخن
ماہِ تمام چہرہ ہے ابرو خمِ ہلال

تیری صفت ہے لَیْسَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِیْظ
ہے قامت و خُلق میں سراپا تو اعتدال

ہے نو بہار گردِ رہِ کارواں تری
مینارہ نور کا ہے ترا خیمۂ جمال

کُنْتَ تُدَاعِبُ الرَّجُلَ اَنْ تَسُرَّہٗ
تو نے ابھارے عظمتِ انساں کے خدّ و خال

هٰذَا الْاَمِیْنُ جَاءَ رَضِیْنَا بِحُکْمِہٖ
ہم کو یہ کہہ نہ سکنے کا ہے آج تک ملال

اِک چشمِ التفات ہے سرمایۂ حیات
ہے چرخِ ہفتمیں ہمیں تیری صفِ نعال

کرتا ہے ہجر آتشِ الفت کو تیز تر
پیچیدہ ہے مقدّمۂ فرقت و وصال

دلِ مضطرب ہے طائرِ پربند کی طرح
نا آشنا زمانے میں کون آشنائے حال؟

بادِ چمن سے دفترِ گل ہے ورق ورق
کرتے ہیں خوش خرام مزید اس کو پائمال

اَقصائے بحر و بر میں ہے آوازۂ فساد
پہنائے خشک و تر میں ہے ہنگامۂ جدال

زادِ سفر ہے طائفۂ درد مند کا
ذکرِ سحر، وظیفۂ شب، اشکِ انفعال

دِل میرا آشیانہ ہے سیمرغِ عشق کا
میں عشقِ بے زوال ہوں تو حُسنِ لایزال

ہو ایک بار پھر تری رحمت سے مرحمت
صدقِ لبِ ابوذر و سوزِ دلِ بلال!

○

ہے لقب جس خوش نفس کا ماذ وطاب طاب
اتری جس اُمّی پہ بامِ عرش سے اُمّ الکتاب
وہ مُقَفّی مکتفی مکّی تہامی اَبطَحی!
ذکر جس کا مرہمِ زخم و سکونِ اضطراب

صادق و صدق و مُصدّق، نور و مصباح و سراج
جس کو بخشا حق نے ختم المرسلینی کا خطاب

جس کو خالق سے ملی خیر الخلائق کی سند
رُوکشِ عرشِ بریں جس سے جہانِ خاک و آب

عکسِ مبہم جس کے حُسنِ تام کا بدرِ تمام
پرتوِ نقشِ کفِ پا جس کا قُرصِ آفتاب

سیدُ المُستغفرینَ ، سیدُ المُستطہرین
اس کو پہچانے وہی مَنْ عِندَہٗ عِلمُ الکتاب

اس کی عظمت ہے مدو جزرِ زماں سے بے نیاز
اور آرائش سے مستغنی ہے اس کی آب و تاب

مفضلِ فاضل پناہ و مکملِ کامل صفات
شہریارِ علم و عرفاں صاحبِ فصل الخطاب

ماہرِ علم الیقین و کاشفِ عین الیقین
واجدِ حق الیقین و شاہدِ حُسن المآب

جس کا مرکب ہے بُراق بدرقہ رُوح القدس
کہکشاں جس خواجۂ گیہاں کے خیمے کی طناب

اس کے پیراہن کا ہیں مجد و معالی پود و تار
دم بخود کیوں ہو نہ دنیا اِنّہٗ شیٔ عجاب

کس سے ہو اس کے مقامات و محاسن کا شمار؟
آج تک کس نے کیا بارش کے قطروں کا حساب!

ماہ سیما، لالہ رُو، مرغولہ مو جس کے اسیر
دم بھرے جس کی غلامی کا شمیمِ مشکناب

اُمِّ ہانی فاختہ بنتِ ابی طالب سے پوچھ
یہ پسینے کی ہے نکہت یا کہ خوشبوئے گلاب!

اے اجل سرعت نہ کر، اے عمر مستعجل نہ ہو!
ساعتِ وصلِ نگارِ دلستاں ہے دیریاب

دِل مرا کہتا ہے وہ اک روز واپس آئے گا
یہ عقیدہ ہے مرا وَاللّٰہُ اَعْلَمْ بِالصَّواب

حشر میں کس منہ سے خالدؔ سامنا اس کا کروں
ہوں خجالت سے نگوں سر، لَیتَنی کُنتُ تُراب!

رہتی دُنیا تک کیا اس نے درِ الہام بند
آئے گا وقتاً فوقتاً گرچہ نالوں کا جواب

ناصر و منصور و مستنصر، غیاث و غیث و غوث
گردشِ دوراں کا نبّاض و نقیبِ انقلاب

جادہ پیمائے دیارِ آگہی بے سنگ و میل
لائے جبریلِ امیں بھی ہمرکابی کی نہ تاب

کلمہ پڑھتے ہیں ملائک جس کا وہ رُوح القدس
صاحبِ سلطان و برہان و دلالات و خطاب

ہر گھڑی ہر لحظہ رہتا ہے وہ میرے سامنے
کیا کہوں یہ عالمِ رویا حقیقت ہے کہ خواب!

○

○

نَفسی نَفسی کہیں سب رسُول اور تو اُمّتیؑ! اُمّتیؑ!
قولِ فیصل ہے تیرا، اَنَا العَاقِبُ لَیسَ بَعدِی نبی!

تیری مدح و ثنا میں زباں کو تکلّم کا یارا نہیں
اے نزاری، حجازی، تہامی، مُقفّی، مُزکّی، زکی!

جانِ بیت و حرم، اے جمیل الشّیَم، اے شفیعُ الاُمم
تُو مقدّس، مطہّر، معطّر، منوّر ہے اے اَبطحی!

صاحبِ قابَ قوسین و معراج و تاج و بُراق و علم
لکھی کلکِ ازل نے ترے نام کونین کی سَروری

تُو ہے عزِّ عرب، تُو ہے فخرِ عجم، عینِ جُود و کرم
اے خطیبِ اُمم، رافی و شافی و کافی و مکتفی!

تو کریم و مکرّم مقدّم، تو عنوانِ لوح و قلم
تو اجیر و شہیر و شہید و وجیہہ و نصیح و نجی

صاحبُ السیف و عین النعیم و مطیع و مُطاع و قُثَم
سَابقِ و سَائِق و حق و مزّمّل و مُنذر و مقتفی

تو ہے کہفُ الورٰی، تو ہے صدرُ العلیٰ تو ہے نورُالہدیٰ
تو ہے بدرُ الدّجےٰ، تو ہے شمس الضّحےٰ، کیا خفی کیا جلی!

مصطفیٰ، مجتبیٰ، مُنتقٰی، ہادی، مہدی، ہدیہ ہدیٰ
صالح و مُصلح و سیّد المرسلین و عفُوّ و ولی

تو رؤفٌ و رحیم و کلیم و حریصٌ علیکم بھی تُو
تو مجیب و مجاب و مکین و مبین و متین و قوی

تو ہے مشہود و مامون و موصول و مختار و برّ و برّ
تو ہے بالغ مبلّغ تو طیّب مطیّب صفوح و صفی

تو ہے اکلیل و جبّار و مدّثّر و خاتم الانبیاء
تو مذکّر، مبشّر، موتمل، بشیر و نذیر و نقی

تو ہے مصباح و مفتاح و ذو فضل و ذو عزّ و ذو قوّۃ
تو ہے یٰسین و طٰسین و طٰہٰ وحید و واحید و تقی

اوّل و آخر و ظاہر و باطن و اُمّی اولی امین
تو قریب و منیب و اریب و امام و حکیم و حفی

تیرے بارے میں اربابِ رائے نے ہر دور میں یہ کہا
وہ حبیبِ خدا ہے، ھُوَ صَفْوَۃُ اللّٰہِ مِنْ خَلْقِہٖ

کام راہِ طلب کا وفاداری و استواری کا ہے
ہے علیکم بدینِ العجائز کی رمز نہانی یہی

عتبہ ابنِ ربیعہ ہو کیونکر نہ میری طرح دم بخود
جو کتابِ مبیں تجھ پہ اُتری نہیں مثل اس کا کوئی

یُوںہی آواز دیتا ہے خالدؔ نواحِ مدینہ مجھے
جس طرح آئے کوہِ ندا کی صدا یا اَخی! یا اَخی!

○

تجھ پہ اے خَتمِ رُسل، ختم ہے پیغامبری

تیرے بعد آئے گا تا حشر نہ اب کوئی نبی

ہوئیں یکجا صفتیں مَلحمہ و رحمت کی

شاملِ صَلصَلۃُ الوحی ہے بانگِ جرسی

"مرحبا سیّدِ مکّی، مَدَنی العربی!

دل و جاں باد فدایت، چہ عجب خوش لقبی!"

صاحبِ حدِّث وقدم، مالکِ اکلیل وعلم
ہے ترے زیرِ نگیں مملکتِ لوح وقلم
تیرے آثار وشمائل کا نیابت عالم
تابشِ دیدۂ شوق و تپشِ دل کی قسم

"من بیدل بجمالِ تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی!"

مظہرِ زندۂ جاویدِ نوامیسِ خدا
تجھ پہ ہر سلسلۂ کُنْ فَیَکُوْن ختم ہُوا
اَبَدَ الدَّہر ہے تو فرد و وحید و یکتا
دستِ صانع سے ہُوا تیرا نہ ثانی پیدا

"نسبتے نیست بذاتِ تو بنی آدم را
بہتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی!"

ٹوٹ جائے نہ کہیں زُہدِ ریائی کا بھرم
زنگِ آئینۂ دل ہے ہوسِ جاہ وحشم
تجھ سے خواہانِ ترحّم ہے مرا دیدۂ نم
ہوں ستم دیدۂ غم، کر نگہِ چشمِ کرم

"نسبتِ خود بہ سگت کردم وبس منفعلم
زانکہ نسبت بسگِ کوئے تو شد بے اَدبی"

رقِّ منشور بھی تو، تو ہی کتابِ مسطُور
تیری بعثت سے تھی تکمیلِ مکارِم منظور
تو نے دنیا کو کیا ذکر و بیاں سے معمور
اور زندانی ظُلمت کو دیا تحفۂ نور

"ذاتِ پاکِ توچہ در ملکِ عرب کرد ظہور
زاں سبب آمدہ قرآن بزبانِ عربی"

سحر و شام میں اہلِ مزارات کے عُرس
ہر مُقَنَّع چہ نخشب سے برآمد کرے قُرص
رُخِ معنی پہ شکن، جامۂ الفاظ میں چُرس
رنگ بے رنگ ہے صُورت ہیں احوال مپرس

"تا صبیانیم زمانے کہ اعمال مپرس
سوئے ما روئے شفاعت بکن از بے سببی"

اے کہ تو خاصۂ خاصانِ خدائے اکبر!
اے کہ تو بدرقۂ بحر و بر و جنّ و بشر!
دے صدا کس کو یہ فریادِ تفتیدہ جگر!
اپنے دیوانۂ مسکیں کو فراموش نہ کر!

"چشمِ رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقب و ہاشمی و مُطّلبی!"

ہے ترے نامِ دلارام کے تابع ہر نام

تو ہے سردارِ رسولاں، تو ہے نبیوں کا امام

ہے خداوندِ سخن تیرا خدا داد کلام

جس کے فیضان سے میں ناظمِ دربندِ دوام

"نخلِ بُستانِ مدینہ ز تو سرسبز مدام

زاں شدہ شہرۂ آفاق بہ شیریں رطبی"

روز افزوں ہیں تر و خشک میں تیرے اثرات

کیوں نہ ہو، ہیں ترے اقوال خدائی کلمات

پکڑے دامن ترا جس کو ہو تمنّائے ثبات

ہے یہی جادۂ سرمنزلِ تقویٰ و نجات

"ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آبِ حیات

لطف فرما کہ ز حد می گزرد تشنہ لبی"

تیرے کوچے میں فرشتوں کا طلایہ کرے گشت
تارے وارے ترے سر سے فلکِ زرّیں طشت
رشکِ فردوسِ بریں موجِ نفس سے درودشت
نقشِ پا ثبت سرِ کنگرۂ طارمِ ہشت

"شبِ معراج عروجِ تو زِ افلاک گزشت
بمقامے کہ رسیدی نہ رسد ہیچ نبی!"

کروں پلکوں سے ترے روضے کی جاروب کشی
وجہِ آسودہ دلی ہے یہی شوریدہ سری
وَجْهُكَ فِيْ نَظْرِي كُلَّ غَدَاةٍ وَعَشِيٍ!
جلوۂ دوست سے ہوں سیر نگاہیں نہ کبھی

"سَیّدی اَنْتَ حَبیبی وَطَبیبُ قَلْبی!
آمدہ سوئے تو قُدسی پئے درماں طلبی!"

○

تُو نُورِ خدا، خَلقِ خدا نُور ترا
اے مَطلعِ تابانِ شبِ غارِ حرا!
سُوئے حرم و جانبِ طُورِ اَیمَن
جِس سمت نظر جائے تُہی جلوہ نما

اُٹھ جائیں محبّت میں اَدب کی شرطیں
محبُوب ہے تو مرا کہ محبوبِ خُدا!

اشکوں میں بسا کے تجھے بھیجوں میں سلام
شاعر ہوں میں تیرا، میں مُغنّی تیرا

کیا حکم ہے اس سوختہ خرمن کیلئے
دیوانے کو کب اِذنِ زیارت ہوگا؟

اے دردِ صبوری! اے غمِ مہجوری!
مجھ کو تو نہیں تابِ جوابِ نالہ

پڑھتے ہیں ترے نام کی نِسدن تسبیح
مرغانِ چمن ہوں کہ وحوشِ صحرا

رگ رگ سے ہیں لُوں لُوں سے ہر اک سانس کیساتھ
ہر ساعت و ہر ثانیہ لوُں نام ترا

اے صادِق و مصدوق و امین و مامون!
ہیں تیری امانت یہ حواسِ خمسہ!

ہیں تیرا نیائیں ہوں تو میرا سائیں
ہے ناتھ میں سیوک تو سوامی میرا

آنند سروپ ہے تو ہے امرت رُوپ
ترلوک میں دُوجا نہیں کوئی تجھ سا

میں کس کو سناؤں جا کے بپتا اپنی؟
ہے کون مرا تیرے سوا، تیرے سوا!

تُو قطب من مرا، مری کشتیٔ نُوح
تو روشنی آنکھوں کی، اجالا دل کا

شہناؤں کی مانند فغاں کرتا ہوں
انبارِ خرافات و معاصی میں دبا

دِل تنگ ہجومِ کارِ بے مصرف سے
انبوہِ خیالاتِ مزخرف میں گھرا

دل کو گلہ نارسائی لفظ کا ہے
اے پردہ کشائے معنیٔ سر لبستہ!

اے شاہدِ ذات و مفخرِ موجودات!
کر مجھ کو عطا حوصلۂ حمد و ثنا

کیسے غمِ دل کو لبِ گویائی دُوں
لگتا ہے زباں ہی نہیں مُنہ میں گویا

مجذوبِ محبّت ہوں مجھے خوف نہ شرم
ہے جوشِ دروں خانہ براندازِ حیا

اے سرورِ کونین و غیاثِ دارین!
ماجرّبنا علیک اِلاّ صدقا

بے میل و محابات شہادت تیری
منکر کو بھی ناچار ہے اقرار اس کا

تجھ واحد و یکتا کا نہیں کوئی حریف
اے کامل و اکمل اے علیّ و اعلیٰ!

پیغمبرِ نکہت، رسُولِ رحمت
بے ہمسر و انباز و مثیل و ہمتا

سررشتۂ اسرار ترے ہاتھ میں ہے
ہے روحِ روانِ نشأتین امر ترا

انساں ہے فانی ، مُتناہی ، محدُود
تو باقی و بے کنار تو پایندہ

ہو اس کے عُفاف کا بیاں کیا جس نے
دستِ زنِ بیگانہ کبھی مس نہ کیا

دیکھا نہ لباس نے بھی جس کو عُریاں
سلطانِ سرا پردۂ اقلیمِ حیا

ہے وصف مُقَفّد و مُعَقّل جس کا
کَانَ فَاِذَا مَشٰی مَشٰی مُجْتَمِعًا

ہر دم رہے آب دیدہ اُمّت کے لئے
آمیختۂ حُزن ، تبسّم جس کا

اے محورِ عُشّاق و مدار آفاق!
سُنتے ہیں تجھے مقامِ محمود ملا

گلّہ بنی سعد کا چھُڑا کر تجھ سے
گلّہ بنی آدم کا خُدا نے سونپا

اولادِ فَواطِم وعَواتِکِ ہے تو
بُہتان: اِنَّ مُحَمَّداً مُنبُودا

تُو جانِ وجود وعدم ولود دنبود
بُوجہل تجھے پیکرِ خاکی سمجھا

عالَم یہ تجلّی کا، یہ اعجازِ کلام
بہروں نے سُنا اور اندھوں نے دیکھا

کرتا ہے خطاب تجھ سے ربُّ الارباب:
قَدْ اٰتَیْنٰکَ مِنْ لَّدُنَّا ذِکْرًا

تیرے ہی لئے خالقِ عَزّوجَلّ نے
لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ کہا

شک اس میں نہیں اَنْتَ نبیٌّ مُرْسَلْ
اَے اکرم و افضل اَے اَجَلّ و اَولیٰ!

مَاکُنْتَ مِنَ الرُّسُلِ بِدْعًا، لیکن
حیران ہوں کیوں لَسْتُ بِدَجّال کہا

ہے پردۂ زنگاریٔ شب تیرا حجاب
ماہِ شبِ نیم مہ طلایہ تیرا

جب دشت و دمن میں چاندنی کھیت کرے
لَودینے لگے یہ تو رُوئے زیب

کس پر ہے عیاں حقیقتِ نفس الأمر!
ہر آن سمندر کی طرح تو ہے نیا

دُنیا ترے احساں سے سبکدوش نہ ہو
دم تیرا بھریں تا ابد اربابِ وفا

اَلواح و مصاحِف ترے اوصاف سے پُر
یَاذَا الطَّولِ وَیا عظیمَ العُظماء!

توراۃ میں منعُوت ہے فَرقٌ بَیْنَ النّاس
یَا اَکرَمَ مبعوثٍ یا حمطایا!

جبّارِ کہے تجھ کو زبانِ داوُد
ہے ابنِ ابی ہالہ ترا نعت سرا

اے ساقیِ کوثر! اے رسولِ ثَقَلَین!
ہے رحمت و رافت تری بہتا دریا

غم سب کا بٹائے سب کی دلجوئی کرے
ہر خانہ بدر کا تو مَلاذ و مُلجا

اَطراف و طرائفِ احادیث و حِکَمْ
اُوتِیتُ جوامِعَ الکَلِمْ بے شُبہا!

خیرُ الھَدْیِ ھَدْیُ مُحمّد! خالد
ہمچوں نَفَسِ بادِ صبا غالیہ سا

صَلّوا صَلّوا علَی النّبیِّ المُختار
ہے اس کے سوا کون وَلّی و مَولیٰ؟

عرش و قلم و کرسی و لوحِ محفوظ
وہ جملہ خلائق کا مُطاف و مَسعیٰ

اس ملّتِ بیضا کو ہے نسبت اس سے
خاکستر دیتی ہے سراغِ شعلہ

یہ اُمّتِ مرحومہ کہ ہے بارِ زمیں
کاش اس سے جہنّم کہے: ہَذّا ہَذّا!

بے پردگیٔ رنگ سے گلزار خجل
آشفتگیٔ بُو سے گلستاں رسوا

ہر سُو مُنکَشِفات غارت گرِ ہوش
انگ انگ لباس سے بغاوت پہ تُلا

روئیدگیٔ حرف، نمودِ شبِ قدر
آزادیٔ فکر سایۂ بالِ ہما

کیوں آنکھ اُس دھند میں خوں نابہ فشاں!
ماتم کریں صَیّنون کی راہیں کس کا؟

اے دیدۂ غمدیدۂ صاحب نظراں!
ہر معرکۂ بدر سے پہلے ہے حرا

شارح ہو حوامیم و طواسین کا کون
ناپید ہے صندوقِ شہادت کب کا

لے ڈوبی انھیں ہوسِ زر و منصب کی
ہر شے ہے مسلمانوں میں ایماں کے سوا

افسوس افسوس حیف افسوس افسوس!
دھوئیں مئے سُرخ سے لباسِ تقوٰی

آتش زدگانِ سوزِ عشقِ بے سوز
رسوا شدگانِ کوچۂ حرص و ہوا

ہیں رسم و رواج ان کے زمانے سے الگ
نیکی کا صِلہ ہے نہ بدی کی ہے سزا

خود سوتے ہیں پیٹ بھر کے اور انکے گرد
اَکبادٌ حَرّٰی وَ بُطُونٌ غَرثیٰ

کہتا ہے: کبھی تھا جو اُخوّت کا نقیب
کیا میں اپنے بھائی کا ہوں رکھوالا؟

ہے مردِ مسلماں کی ہلاکت کا سبب
آسائش و زینتِ حیاتِ دُنیا

اس قوم کے جس فرد کو پرکھا ہم نے
محتال و مزوّر و مُدا ہن نکلا

زرّاقی و نیرنگ، میں رشکِ افرنگ
ہر معتکفِ زاویۂ فقر و فنا

جویائے طرب، بوالہوس و کام طلب
شاید کہ نہیں معتقدِ روزِ جزا!

سب ایک ہی تھیلی کے ہیں چٹّے بٹّے
کس سے کہیں جا کے دردِ دل؛ وادردا!

ہر بات میں حکمہ ہے ہر اُنوٹ میں فریب
اک چھل بل ہر کرشمۂ ناز و ادا

کس شہر میں اُگتا ہے درختِ انصاف!
کیا اس کو بچشم سَر کسی نے دیکھا؟

یہ دورِ شکستگی و پامالی ہے
ہے جس میں وبالِ دوش اِحرامِ وفا

ہے جامِ ولا ہیں تہ نشیں دردِ ریا
لَمْ یَبْقَ مِنَ الدُّنیا اِلّا جُرعَہ

زخموں کی نمائش سے ہُوئے رُسوا اَور
کیا صرفہ جگر کاوی مژگاں کا ہُوا!

اَب کون رفو کرے گا سینے کا شگاف!
کیوں ہم نے عدو کے ہاتھ میں دشنہ دیا!

قانونِ مکافات سے ہے کِس کو مفر!
پیکانِ قضا جائے نہ زنہار قضا

دے کام دمِ پرسش وہنگامِ حساب
کالا نہ قرابت نہ شفاعت نہ دُعا

کرتا ہُوں رُندھے ہُوئے گلے سے فریاد
ہے طوقِ گلو داغِ بہارِ رفتہ

راس آئی نہ اس کو صحبتِ اہلِ نشاط
غم ہی دِلِ نا مراد کی نِکلی غذا

پت جھڑ میں الاپے نغمۂ موسمِ گل
یہ طائرِ پر ریختہ و رشتہ بپا

ہوں گرچہ خمِ مے کی طرح مُہر بلب
رکھتا ہوں مگر زیرِ نگیں مُلکِ نوا

لاہور میں جسم، شہرِ دلبر میں ہے دل
کھٹکا نہیں دستبردِ اہرمن کا

حسّان و اُمیّہ ہوں میں بوصیری و کعب
اِک جذب کے عالم میں ترنّم پیدا

غزّالی و حلّاج، جُنید و رُومی
ہر قافلۂ شوق کی آوازِ درا

اقبال کی لَے اَور ہے میری لَے اَور
ہے جامی و سعدی سے مرا لحن جُدا

میں نابغہ جعدی ہوں میں ابنُ العربی
رکھتا نہیں غم فرق مراتب کو روا

پروانوں کا ہجوم ہے شمع کے گرد
سب تفرقہ الفت میں رقابت کا مٹا

اے داعیۂ رم اے گرفتارئ غم!
کیا رقصِ شرر کا کبھی منظر دیکھا؟

اے لذّتِ درد اے فروغِ رُخِ زرد!
ہے لو قلموں سوزِ دروں بھی کیا کیا!

گردِ رہِ جانانہ ہے عشّاق کی راکھ
وہ راکھ کہ ہے رزقِ حیاتِ تازہ

یہ عمرِ عزیز مُغتنَم ہے خالد
کرتا رہ کالی کملی والے کی ثنا!

○

○

اَناجبرِیلُ اَلْبشِر یا محمّد!
تو اب سے رَحمۃٌ لِلعالمین ہے
ابد تک سلطنت تیری رہے گی
تو سلطانِ سماوات و زمیں ہے

پڑھ اپنے پاک رب کا نام لے کر
پڑھ اس کا یہ پیامِ واپسیں ہے

ہے یہ تازہ کلام اُس ذات کا جو
مُبید و مُبدی و جان آفریں ہے

تجھے منصب مِلا خَتمُ الرُّسل کا
اے اُمیؐ! تو اِمامُ المرسَلیں ہے

تو صدرِ محفلِ آفاق و اَنفُس
تو میرِ مجلسِ عرشِ بریں ہے

جوابِ ہر نبی : لَستُ ھَنَا کُمْ
تو تنِ تنہا شفیع المذُنبیں ہے

مٹا سب تفرقہ فردا و دی کا
ظہُور و نورِ تیرا ہر کہیں ہے

خَفیّاتُ السّرائرِ سب تو آگاہ
کوئی شے تجھ سے پوشیدہ نہیں ہے

تو گنجورِ خیالاتِ رزیں، تو!
خزانہ دارِ الفاظِ متیں ہے

ترا نطق و بیاں الہام و عرفاں
زباں گلبارِ آیاتِ مبیں ہے

ہے تو نظارگی ہر پیش و پس کا
نظر ژرف و نشگرف و دُور بیں ہے

ہے تو ہی سیّدِ اولادِ آدم
تری اُمّت اُمم میں بہتریں ہے

ہے تو ہی باعثِ ایجادِ عالم
تہی ناسُوت کارُکنِ رکیں ہے

در و لبتِ ہمہ آفاق تجھ سے
مکان و لا مکاں کا تو مکیں ہے

گواہ اِس امر کا ہے حرفِ لولاک
یہ بزمِ کُن ترے زیرِ نگیں ہے

فَسُبْحَانَ الَّذِی اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ
تو مہمانِ اِلٰہُ العٰلمیں ہے

فَکَانَ قَابَ قَوسَینِ اَو اَدنٰے
تُو نورِ سرمدی کا ہمنشیں ہے

اَور اَدنیٰ فرشِ پا انداز تیرا
بساطِ آسمانِ ہفتمیں ہے

سرِ فہرست خُدّامِ اَدب میں
سفیرِ انبیا، رُوح الامیں ہے

ترے ماتحت ہے ہر لسپت و بالا
تو عزّت بخشِ شاہانِ زمیں ہے

نہیں کوئی ترا مدِّ مقابل
تو فرد بے ہمال و بے قریں ہے

قسیم و قائم و قیّوم و قیُّم
تُو فخرِ انس و خیرُ المرسلیں ہے

خیار الاصفیا، اکلیل و کامل
تُہی برحق اِمامُ المتّقیں ہے

ابُو الایتامِ، مصباحُ الظّلامِ
بہر گامے سراجُ السّالکیں ہے

اندھیرے کو کیا تو نے مُنوّر
تو صبر آموزِ دلہائے حزیں ہے

چلا آتا ہے جُست و خیز کرتا
ترا رام آہوئے صحرا نشیں ہے

مُطیعِ حُکم تیرے مُرغ و ماہی
تو میرِ ہر مہیں و ہر کہیں ہے

ہے تو ہر بے سر و ساماں کا محرم
تو خویشِ ہر گدائے رہ نشیں ہے

ستم جھیلے کبھی لیکن نہ اُف کی
ترے عہدِ وفا پہ آفریں ہے

ترا مُنکر ہے جو وہ در حقیقت
بُطئ دلور و بُطّال و بطیں ہے

ہے تیرے لمسِ شفقت سے جو محروم
سیہ بخت و زبوں حال و حزیں ہے

وَ مَا اَنْتَ بِجَبَّارٍ عَلَیْھِمْ
یہ ذنبِ خُلدِ اہلِ کبر و کیں ہے

اَلَا مَا بَالُ دَعْوَی الْجَاھِلِیَّۃ؟
وہی کہنہ نزاعِ کفر و دیں ہے

کمینے وار کرتے ہیں یہ چھپ کر
شعار ان کا شبیخون و کمیں ہے

کرے باطل سے استمدادِ ہمت
جو مرتد ہے امیر الکافریں ہے

سُن اے طائف کے ابنِ عبدِ یالیل!
یہ عبدِ ربِ شہِ دُنیا و دیں ہے

"أَنَا ابْنُ الْعَوَاتِكِ مِنْ سُلَیْمٍ[ف]
ہر اہلِ خیر میرا جانشیں ہے"

ف قُریش

ترے اوصاف ہیں اظہر مِنَ الشّمس
تو صادق ہے مصدّق ہے امیں ہے

ترا سینہ ہے تابوتِ سکینہ
تری ہر بات دلکش ہے حسیں ہے

ترا وعدہ ہے وَعْدٌ غیرُ مَکْذُوب
ترا قول و عمل حق و یقیں ہے

نزولِ رحمتِ حق کا پیامی
گنہ گاروں کی بخشش کا ضمیں ہے

ترے منہ کی ہیں سب باتیں صداقت
تو علم و حلم کا حِصنِ حصیں ہے

ہے تجھ سے بڑھ کے پابندِ زباں کون
ترا ہر قولِ فیصل دِل نشیں ہے

بفحوائے: کَمَا تَنْسَوْنَ اَنْسٰی
تو شہرِ علمِ ربُّ العٰلَمین ہے

بتائیں تو نے راہیں زندگی کی!
ہوا خواہِ اجل، ابرو بچیں ہے

کیا تو نے زباں بستہ کو ناطق
تو نبّاضِ کرامؑ کاتبیں ہے

ہے تیرا قول: مَاشِئْتُمْ سَلُونِی!
سوالِ حق محکِّ آتشیں ہے

ہر افلاطون ہر سحبان وائل
ترا زَلّہ رُبا ہے۔ ریزہ چیں ہے

اے اُنْظُرْنا! سَمِعْنا وَاَطَعْنا
کہ تو صاحب قرانِ راستیں ہے

سرِ گردوں پر افشاں نُور تیرا
اُور آدم درمیانِ ماء و طیں ہے

ہو کون اس کا حقیقت آشنا جو
بیک وقت آخرین و اوّلیں ہے

ضماں تقدیم کی ہے جس کی تاخیر
جو با تمکیں کہ پیشین دپسیں ہے

نَقَدْ اِسْتَفحَلَ اَمْرُ مُحَمَّدٌ
اَبُو سُفیان کیوں چیں بر جبیں ہے!

اثاثُ البیتِ شاہِ دین و دُنیا
لباسِ ژندہ و نانِ جویں ہے

رَسُولَ اللہِ بَایَعْنا عَلَیَ المَوت
یہی شایانِ شیرانِ عریں ہے

رضا تیری یراق و ساز اس کا
مجاہد بے نیازِ اسپ وزیں ہے

کرے تیرا کرم دل جوئی جس کی
دلاور ہے تگاور ہے تگیں ہے

شَہِدْنَا اَنَّ مَا جِئْتَ بِہٖ حَقٌ
یہ حرفِ ناب قرآنِ مُبیں ہے

پڑھیں زردشت و مانی کی کتابیں
یہ تاثیر و حلاوت بھی کہیں ہے؟

جہاں پُر نور ہے اس کی ضیا سے
یہ گنجِ گوہر و درِّ ثمیں ہے

قیامت تک ہے اس کا فیض جاری
یہ مُصحف چشمۂ ماءِ مُعیں ہے

اور آہنگِ پریشانِ غزل کا
ہمیں نعم البدل، نعم القریں ہے

ہمارا نام لکھ لے شاہدوں میں
کہ تو سرکوبِ دجّالِ لعیں ہے

تری بعثت نظامِ زر کی رحلت
تری آمد سے شیطاں سہمگیں ہے

ولادت تیری استحصال کی موت
شہادت تیری استیصالِ کیں ہے

تری موجودگی سے ظلم جز بز
ہوس تنگ، آمریّت خشمگیں ہے

مہابت سے صنم خانے زمیں بوس
تری آہٹ شکستِ ساتگیں ہے

تصرّف ہے یہ سُلطانِ مبیں کا
اَدب سے سرنگوں فغفُورِ چیں ہے

ہو اس سے بڑھ کے کیا اقبال مندی
ترا منّاد جبریلِ امیں ہے

فَاِنَّ الدِّینَ عِندَ اللہِ الاِسلام
یہی ہستی کا راہِ راستیں ہے

رَضِیتُ لَکُمُ الاِسلامَ دِینا
یہی آئینِ اصحابُ الیمیں ہے

یہ دیں ہے دینِ فطرت، قدرت اسکی
مددگار و نگہدار و معُیں ہے

ؔ وَآتینا مُوسیٰ سُلطاناً مُبیناً ۴۰: ۱۵۳

تِرا حُسنِ کرشمہ ساز و سادہ
گلُو سوز و ملیح و گندمیں ہے

نہیں یہ بات مِنْ تِلقاءِ نَفسی
گزرگہ تیری فردوسِ بریں ہے

فَطُوبیٰ ثُمَّ طُوبیٰ ثُمَّ طُوبیٰ
زمینِ یمُن قدم سے گُلزمیں ہے

بفیضِ ذکرِ پاک و ناب و شیریں
شرنگِ جامِ ہستی شکّریں ہے

ترے انوار کی ضو پاشیوں سے
یہ مردِ رُوسیہ روشن جبیں ہے

ازل سے جو کھدا ہے لوحِ دِل پر
وہ تیرے نام کا نقشِ نگیں ہے

مری اُمید تُو ہے آرزو تُو!
یہ دل تیرے لیے اندوہگیں ہے

فَإِنّی لَاَجِدُ رِیْحَ یُوسُفَ
تنفّسُ موجِ بادِ فرودیں ہے

وَ وَصْفٍ مِنْ خَدِیْجَہ بَعْدَ وَصْفٍ
سخن زمزم تبسّم انگبیں ہے

الفِ الحمد کا نقشِ کفِ پا
خمِ زلفِ دو تا حَبْلُ المتیں ہے

شب احساں مند مُوئے عنبریں کی
سحر انوارِ رُخ کی خوشہ چیں ہے

گماں ساعد پہ شاخِ یاسمیں کا
نثارِ قدِّ بالا حُورِ عیں ہے

نگاہِ چشمِ حق بیں شرم آگیں
نظر سرشار و مست و سُرمگیں ہے

حیا داری کا وہ عالم کہ گویا
کوئی دوشیزہ پردہ نشیں ہے

بلُطفِ عشق عالیجاہ، خالدؔ
بدیع آہنگ و معنی آفریں ہے

شناسائے علاماتِ نبوّت
پنہ گیرِ حصارِ آہنیں ہے

نوا پردازِ جذب و سوز و مستی
گہر افشانِ نغماتِ حزیں ہے

دَوَاءُ الدَّهْرِ اَلصَّبْرُ عَلَيْهَا
وُہی ہے پُر فغاں جو بے یقیں ہے

بفیری راحت و آزرم و تسکیں
طمع آشوب و تشویر وطنیں ہے

سمجھتا ہے سفیرِ دل قلم کو
کوئی دم ذکر سے خالی نہیں ہے

عطا کر اس کو خوشنودی کا خلعت
ہے تیرا نام لیوا گوکمیں ہے

ندیم باربد، یارِ نکیسا،
نشاطِ اندوزِ چنگِ رامتیں ہے

ہے قادر سب اسالیبِ بیاں پر
طبیعت اس کی نکتہ آفریں ہے

رہے قطع و بریدِ لفظ میں محو
یہ خیّاطِ خیالات رزیں ہے

تنِ ابجد میں رُست وخیزِ معنی
لگے جیسے مشیمہ میں جنیں ہے

کہاں عقلِ ہیولانی کہاں عشق
یہ نکتہ اس کے دل میں جاگزیں ہے

بظاہر بے سرو ساماں ہے لیکن
بباطن صاحبِ تخت و نگیں ہے

ہوا ارزانی اسے ادراک تیرا
ترا طالب شہا! یہ کمتریں ہے

دل شوریدہ ہے مفتون و مغبون
قریں اس کا جو ہے بِئسَ القریں ہے

پراگندہ، غبار آلوُدہ، گندہ
مُرقّع پوش و خاکستر نشیں ہے

کہاں لائق ہے تیری بارگہ کے
یہ شخص اخلاق جس کا بد تریں ہے

اسے معلوُم ہے دابِ نیاگاں
مگر اس پر عمل کرتا نہیں ہے

کتابوں میں کلامِ رطب و یابس
سخن مجموعۂ غَثّ و سَمیں ہے

حواری بننے کا ارمان دل میں
مگر بے بہرۂ اسرارِ دیں ہے

ابھی نِکلا نہیں بندِ خودی سے
اسیرِ طیلسان و پوستیں ہے

کہاں اس بد کو تیرے در سے نسبت
ہے تو آبِ بقا یہ پار گیں ہے

یہ زُرق و تنبل و تزویر و شک، تو
امان دامن و ایماں و یقیں ہے

بد و نیکِ بشر اس کے سوا کیا
منو دِ قطرۂ ماءِ مہیں ہے

جنوں اس کو ہے شعر و شاعری کا
ثنا خوانِ بُتانِ نازنیں ہے

ہرا بلا سے رچائے موہ لیلا
دِل اس کا دفترِ مہر دفیں ہے

سلونی سالونی رسونت ناریں
بدن جن کا صبح و مرمریں ہے

پریشاں اختلاط و عالم آشوب
ادا غارت گرِ دُنیا و دیں ہے

سمن سینہ، سمن عارض، سمن پوش
ہے یہ زہرہ نگہ وہ مہ جبیں ہے

سراپا غالیہ آگین و بر میں
فقط اک جامۂ بے آستیں ہے

قیامت قامت و آشفتہ کاکل
اور اس پر طُرّہ ساقِ صندلیں ہے

نہ کیونکر چال میں اٹھکیل پن ہو
تنِ نازک گرانبارِ سریں ہے

تَفَضُّل اے حبیبِ پاکِ یزداں!
یہ عاصی مُستجیر و مستعیں ہے

فَآہاً ثُمَّ آہاً ثُمَّ آہاً!
خود آلودہ ہے لیکن نکتہ چیں ہے

اس البیلے کا مسلک خلطِ مبحث
یہ الکن خوردہ گیر و خوردہ بیں ہے

نظر بندِ خیالاتِ پریشاں
رہینِ نالہ و آہ و انیں ہے

اٹی ہے خاک میں جو تیرے در پر
وہ اِس ننگِ خلائق کی جبیں ہے

سرشتہ غم کا لذّت سے ہے پیوست
اور آنسو آتشِ دل سے عجیں ہے

جو رُسوا ہے وہی ہے آبرو مند
جو بے خود ہے وہی مردِ گزیں ہے

فرومایہ کا سرمایہ تری نعت
جگر افگار ہے خانہ نشیں ہے

کرے مدح وثنا اعلیٰ تریں کی
وہ رِجسِ خاک جو ادنیٰ تریں ہے

اسے رکھ داغِ رسوائی سے ایمن
یہ نصب العینِ اِخوان و بنیں ہے

نویدِ لذۃٌ للشّا ربیں دے
یہ صحرالب تو دریا آستیں ہے

یہ گھائل وقت کی تیغِ دو دم کا
دقیقہ سنجِ ساعات وسنیں ہے

سکونِ قلب کی دولت عطا ہو
ترا شاعر ہے دلگیر و حزیں ہے

عَلٰی عَھْدِکَ وَ وَعْدِکَ مَا اسْتَطَاعَ
ہے کون اس کا بتا، گر تو نہیں ہے؟

○

عشق پکارے تجھ کو اے ناموسِ رب!
یا سیّدَ النّاسِ وَ دَیّانَ العرب!

اے شارعِ منہاجِ ناموس و شرف!
اے شارحِ متنِ مقاماتِ ادب!

نورِ نگاہِ چشمِ عبد المطّلب!
اے علم کے معمورۂ اُمّی لقب!

اے رہبرِ حقّ و صراطِ مستقیم!
اے قاطعِ عصبیّتِ رنگ ونسب!

اے شمعِ بے دُودِ شبستانِ وجود!
اے آفتابِ مشرق! اے قندیلِ شب!
ہم خُفتگاں کی دولتِ بیدار تو
تیرے بیان و ذکر سے قاصر ہیں لب
تو نے نکالی دل سے دہشت موت کی
تو نے بتایا زندگی کرنے کا ڈھب
پندار کے پیچاک میں اُلجھا رہا
بے ذوق و بے توفیق نکلا بُولہب
یا شقوتی! یا شقوتی! یا شقوتی!
لہو ولعب سُکر و عبث، عیش وطرب!

سرمایہ دارِ گنجِ رنجِ رایگاں
ناطُورِ بُستانِ نخیلِ بے رطب

مفقود ہے آزادیٔ فکر و نظر
اے وائے بر انجام ازشِ جدّواب

اِسلام جو تسلیمِ جاں کا دین ہے
آلہ ہو استحصال کا، یا لِلعجب!

معنٰی خلافت کے ہُوئے ذہنوں سے محو
بُھولے مسلماں تیری بعثت کا سبب

لب ذوقِ تقریر و تکبیر و درود
دِل کیفیٔ کا شانۂ بنتِ عنب

وہ مِلّت بیضا کہ ہے خیر الامم
قاروں نبی یکدم جو بے رنج و تعب

جس کو ملے خود اختیاری کے حقوق
درگاہِ فیضِ کبریا سے بے طلب

کٹتے ہیں دن اس کے بساطِ دہر پر
بے گریۂ صبح و نیازِ نیم شب

ہے کِس جزا کی شرط: حَتّٰی تُنْفِقُوا! ؟
کِس کے لئے آئی وعیدِ ما کَسَبْ؟

تاریخ کے اوراق خوُن آلودہ ہیں
قیمت کوئی انسان کی جب تھی نہ اَب

ہم مہدئ موعُود کے ہیں منتظر
طالع ہو جانے ساعتِ دیدار کب!

گردوں سے کب ہوگا مسیحا کا نزول؟
دجّال کے غلبے کے ہیں آثار سب

پھر ہو کسی فاروقِ اعظم کا ظہور
دنیا ہے لو پھر سے شرارِ بُولہب

لیں کِس سے اپنی آرزو مندی کی داد؟
بتلائیں کیا اپنی زبونی کا سبب؟

سوزِ نفس سے کل نہیں پڑتی ، مگر
مانع ہے عرضِ حال سے حدِّ ادب

٥- پاسِ

میں نوحہ خواں ہوں اُمّتِ مرحُومہ کا
میری الم ناکی نہیں ہے بے سبب

جاں مجھ میں ہے نہیں اذنِ فغاں
اے میرے عالیجاہ! اے قاموسِ رب!

○

۵۔ جگر چاکی۔

نوعِ بشر کا محسنِ اعظم
آنکھ ہمیشہ جس کی پُرنم
جس کے فیض کا چشمہ زمزم
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمْ

حقّ و حبیب و مُرسَل و مُلہَم
قائم و قیّم ، خاتم و خاتَم
سب کا محرم ، رحمتِ عالَم
صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمْ

سرآمدِ اولادِ آدم ،
جس کا پیام : اِرْحَمْ تُرحَمْ
جس کا کلام : اَسْلِمْ تَسْلَمْ
صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمْ

صاحب حُرمت ، وجیہ و مُکرَّم
کامل و اکمل مقدّم واقدم
اے بہ ثنائش ناطقہ اَبکَمْ
صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمْ

عَبْدُ اللهِ حَبِيبُ اللهِ!
حِزْبُ اللهِ سَيْفُ اللهِ
سَعْدُ الْخَلْقِ ، سَعْدُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

اَوّل وآخر ، ظاهر و باطِن
غَيْثٌ غَوثٌ قَدَمُ صِدْقٍ
كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَانٍ،
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

شفیع و شافع، مُصلح و صالح
حافظ و ناصر ، عادل و فاتح
حاشر و عاقب، نصیح و ناصح
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

اِنس و جِن کا ہے وہ مُعَلِّم
کرم ہے اِس کا قائم و دائم
کانپیں اِس کے نام سے ظالم
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

مِہرِ منیر و ماہِ مُنَوَّر
سابق و سائق سیّد و سرور
کون و مکاں کا مرکز و محور
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

بَرّو رَؤُف و رحیم و سُلطاں
حق کا ہدیہ نعمتِ یزداں،
صاحبِ حُجّت ، صاحبِ بُرہاں،
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

جس کو نویدِ خدائے اکبر
اِنَّا اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرۡ
اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الۡاَبۡتَرۡ
صَلَّی اللّٰہ عَلَیۡہِ وَسَلَّمۡ

ختمِ رسل ہے خطیبِ امم ہے
بحرِ سخا ہے ابرِ کرم ہے
کرسی و عرش و لوح و قلم ہے
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمۡ

صاحب تاج و بُراق و لوا کا
مالکِ سیف و ازار و ردا کا!
مظہرِ کامل نورِ خدا کا
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمۡ

فخرِ عجم ہے عزِّ عرب ہے
جادۂ صبح و منزلِ شب ہے
ہم سے مخاطِب مخاطَب رب ہے
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

علم کا شہر ہے اُمّی لیکن
کہتے ہیں اِس کو اُذُنُ خَیْرٍ
طیّب و طاب و امین و مومن
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

شکور و شاکر، مُذَکّر و ذاکر
ساطع و لامع، زاہر و باہر
پڑھتے ہیں جِس کا کلمہ کافر
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

رحمت و بشریٰ، عروۂ وثقیٰ،
اردلی اس کے اکبر و دارا
اس کے چاکر قیصر و کسریٰ
صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

شرک و شک کو مٹانے والا
سیدھی راہ بتانے والا
سچ کی طرف بلانے والا
صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

عالم عالم دنیا دنیا
گلشن گلشن صحرا صحرا
ذکر ہے اس کا، اس کا چرچا
صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

بے پروائے کثرت و قلّت
فقر ہے جس کا دولت و ثروت
کالی کملی جس کا خلعت
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

مُحی و ماحی ، آمر و ناہی
عبد و رسول و رہبر و راہی
جس کے در کی گدا ہے شاہی
صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

وحی کا مہبط جس کا سینہ
عطر سے بڑھ کر جس کا پسینہ
فاتحِ مکّہ شاہِ مدینہ
صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

اِس کو کہتے ہیں خَطا یا
کوئی نہیں اِس کا ہمپایا
جِسم کا اس کے نہیں ہے سایا
صَلَّی اللّٰہ عَلَیہِ وَسَلَّمْ

فار قلیط اَور مُنحَمنّا
رُوحِ نشاط و جانِ تمنّا
اَور نہیں کوئی اس ساجنّا
صَلَّی اللّٰہ عَلَیہِ وَسَلَّمْ

جس کے غلام اقبال و گرامی
جس کے ثناخواں سعدی و جامی
اور اک شاعر خالد نامی
صَلَّی اللّٰہ عَلَیہِ وَسَلَّمْ!

○

اک عجمی زمزمہ سرائے محمدؐ
میں ہوں ازل تشنۂ نوائے محمدؐ

جب ہوئی تقسیم کار نوعِ بشر میں
مجھ کو ملی خدمتِ ثنائے محمدؐ

گرچہ نہیں کعب بن زہیر و بصیری
پر ہوں تمنائی ردائے محمدؐ

جس کو سمجھتے ہو انتہائے بشر تم
ہے وہ حقیقت میں ابتدائے محمدؐ

لعلِ جواہر کو نسبت اِس سے بھلا کیا
دولتِ ہستی ہے خاکِ پائے محمدؐ

زندگیٔ جاوداں کا مژدہ سنائے
فانیوں کو حرفِ دلکشائے محمدؐ

محفلِ ہستی سجی اِسی کے لئے ہے
دہر کی ہر چیز ہے برائے محمدؐ!

○

بڑھ کے ہے شمس و قمر سے تابِ محمدؐ
پردۂ انوار ہے حجابِ محمدؐ

چاہے مخالف ہو کتنی گردشِ دوراں
کم نہ ہو رفتارِ انقلابِ محمدؐ

اِس کو نہیں ہے خمار و خمر سے نسبت
پاک ہے آشوب سے شرابِ محمدؐ

کس کو عذابِ الیم کی ہے بشارت ؟
کون ہُوا موردِ عتابِ محمدؐ !

اے شبِ معراج! تجھ کو تو پتہ ہو گا
کون خلا میں تھا ہمرکابِ محمدؐ !

تیغِ جگر دارِ کبریا سپر اِس کی !
ہے اَسَدُ اللہ شیرِ غابِ محمدؐ

قولِ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کا مُصَدِّق
سِرِّ ازل ہے وجودِ نابِ محمدؐ

"اوڑھنی والے! اُٹھ اَور ذکرِ خُدا کر!"
حُکم کے تابع ہے اضطرابِ محمدؐ

اذنِ حضوری کے بعد عجز و اَدب سے
ہو مَلَکُ الموت باریابِ محمدؐ

لَمْ یَزَل و لایزال جس کی ہے قدرت
وہ بھی نہیں قادرِ جوابِ محمدؐ

شعر و اَدب کا نمونہ ہے بھی، نہیں بھی
معجزۂ لفظ ہے خِطابِ محمدؐ

ذہنِ البشر اِس کی کُنہ پا نہ سکے گا
ہو گی نہ کُہنہ کبھی کتابِ محمدؐ

لوٹتے دیکھا نہ بے حصول کسی کو
بارگہِ فیض ہے جنابِ محمدؐ

کاش کہ ہو سکتے ہم سے بھی تہی قسمت
بہرہ ورِ گنجِ بے حسابِ محمدؐ!

کِس کو ہے ادراکِ وارداتِ محمدؐ!
کِس سے رقم ہوں سوانحاتِ محمدؐ؟
کِس نے عطا کی خدیجہ و ورقہ کو
محرمیٔ صفوتِ صفاتِ محمدؐ؟

اِس کے محامِد کا کون کر سکے اِحصا؟
پرتوِ ذاتِ خدا ہے ذاتِ محمدؐ

دہر کی ہر شے فنا پذیر ہے لیکن
قائم و دائم ہیں معجزاتِ محمدؐ

کشت و خیابان و دشت و در میں رہے گا
یونہی رواں چشمۂ حیاتِ محمدؐ

اس دلِ وحشی کو کون رام کرے گا
اے نگہِ چشمِ التفاتِ محمدؐ؟

ہم نے صحائف سے استفادہ کیا ہے
ہم نے پڑھے ہیں مقطّعاتِ محمدؐ

اب کوئی منزل نہیں سفر ہی سفر ہے
عالمِ امکاں ہے کائناتِ محمدؐ!

○

غایتِ غایات ہے نمودِ محمدؐ
معنئ معنی ہے ہست و بودِ محمدؐ

سیّدِ اولادِ آدم، آدمِ کامل!
نقطۂ تکمیل ہے وجودِ محمدؐ

ہو نہ سکیں آج تک کسی سے معیّن
بے افق و بے کراں حدودِ محمدؐ

کیوں مُتردِد ہے اے دِلِ مُتشکّک!
کیا مُتحقّق نہیں خلودِ محمدؐ!

بھیجیں صلاۃ و سلام ربّ و ملائک
کون نہیں شاہدِ شہودِ محمدؐ!

ہرزہ نوائی کی اور بات ہے ورنہ
حُسنِ بیاں کی ہے حد، درودِ محمدؐ

یہ خبر اہلِ کتاب تک نہیں پہنچی
زندقہ و کفر ہے جحودِ محمدؐ!

میری صلاحیتیں نثارِ محمدؐ
میں ہمہ تن وقف ہوں بکارِ محمدؐ

خوفِ خزاں ہے اسے نہ خطرۂ صرصر
تازہ بتازہ ہے نو بہارِ محمدؐ

مہدیِ موعود و منتظر ہے لِلہ یہ:
دورِ زماں کو ہے انتظارِ محمدؐ

بیت و حرم کی ہے جان گنبدِ خضرا
گوشۂ فردوس ہے مزارِ محمدؐ

دورِ فلک اس کا کیا بگاڑ سکے گا
جس کی پناہ گاہ ہو حصارِ محمدؐ!

کچھ بھی کرے وہ مگر خدا کے غضب سے
بچ نہ سکے گا گنا ہگارِ محمدؐ

ہر متنفّس کے حق میں حرفِ دعا ہے
رحمتِ بے حدّ و بے کنارِ محمدؐ

گردنِ قمری میں اس کا طوقِ غلامی
لالۂ صحرا ہے داغدارِ محمدؐ

ہر سحر انوارِ صبح کہتے ہیں شب سے
رُو بہ ترقّی ہے اقتدارِ محمدؐ

صاعقہ و رعد و برق و شرق کا منظر
معرکۂ ضربِ ذوالفقارِ محمدؐ

اے سفری! احتیاجِ زادِ سفر کیا!
جادۂ رحمت ہے رہگذارِ محمدؐ

اس کی نجی زندگی کتابِ مبیّں ہے
ایک ہے مستور و آشکارِ محمدؐ

والقلم اے اہلِ فن ورائے سخن ہے
ذاتِ بہین و بزرگوارِ محمدؐ

ہم سے سیہ کار بار یاب ہوں کیوں کر؟
رُوح و ملائک ہیں پیشکارِ محمدؐ

کر نہ مجھے بے نقاب کر کے خدایا!
عرصۂ محشر میں شرمسارِ محمدؐ

میں نے سُنا ہے رہی مدام دعاگو
میرے لیے چشمِ اشکبارِ محمدؐ

کیا کہوں خالد! علوِّ شانِ صحابہؓ
ہیں وہ درختانِ میوہ دارِ محمدؐ!

○

کیوں نہ ہو مقبول التماسِ محمدؐ
جب کہ ہے از خود خدا کو پاسِ محمدؐ؟

کون و مکاں کی حقیقت آئنہ اُس پر
بڑھ کے ہے ایقان سے قیاسِ محمدؐ

چل نہ سکے زور اُس پہ وقت کی رَو کا
محکم و مَرصُوص ہے اساسِ محمدؐ

شاق ہے اس کی زباں پہ حرفِ ملامت
اِک نگہِ عفو ہے قصاصِ محمدؐ

مجھ کو کرے بے نیازِ بادِ چمن سے
رائحۂ دامنِ لباسِ محمدؐ

اِس نے عطا کی مجھے بصیرتِ ہستی
وردِ زباں کیوں نہ ہو سپاسِ محمدؐ

کیا پڑی مجھ کو طوافِ کوئے مغاں کی!
ساغرِ آبِ بقا ہے کاسِ محمدؐ

گرچہ علیؔ اک بندۂ حقیر ہوں لیکن
دل ہے مرا مرتبہ شناسِ محمدؐ!

○

عیدِ دل و دیدہ ہے جمالِ محمدؐ
منظرِ گلزار ہے خیالِ محمدؐ

ہو نہ کبھی گردشِ فلک کا وہ شاکی
مدِّ نظر جس کے ہو مثالِ محمدؐ

معترفِ عجز، موقلم ہو نہ کیونکر
اُتریں نہ کاغذ پہ خطّ و خالِ محمدؐ

وقت کے پیمانے میں سما نہ سکیں یہ
کیسے ہو تقویمِ ماہ و سالِ محمدؐ!

روزِ قیامت ہو صرفِ حقِّ شفاعت
بارگہِ قدس میں سوالِ محمدؐ

صدقِ طلب سے کرے جو اس کی اطاعت
ہے وہی مصداقِ نامِ آلِ محمدؐ

سعیِ مُسلسل کے باوجود نہ پائی!
فکرِ بشر نے حدِ کمالِ محمدؐ

مُلکِ سُلیمان و عُمرِ نُوح کے بدلے
مجھ کو ملی لُکنتِ بلالِ محمدؐ!

○

کانوں میں رس گھولتا ہے نامِ محمدؐ
نامۂ دلدار ہے پیامِ محمدؐ

ذائقہ و رنگ اس کا سب سے جُدا ہے
ساغرِ اللہ ہُو ہے جامِ محمدؐ

کیوں نہ ہو باعث نشاطِ دیدہ و دِل کا
مقطعِ الہام ہے کلامِ محمدؐ

فرشِ زمیں سے بساطِ عرشِ بریں تک
جاری و ساری ہے انتظامِ محمدؐ

سعی عبث ہے چراغِ راہگذر کی
نورِ ازل ہے نثارِ شامِ محمدؐ

بادِ بہاری کھڑی ہے سانس کو روکے
کیا سبک آہنگ ہے خرامِ محمدؐ!

برہمی و غیظ میں بھی شانِ کریمی
ہے نگہِ رنجش انتقامِ محمدؐ

اس کے مراتب ہیں مہر و ماہ سے بڑھ کر
صاحبِ سُلطان ہے غلامِ محمدؐ

مینہ کی طرح برسے باغ و راغ پہ یکساں
رحمتِ یزداں ہے لُطفِ عامِ محمدؐ

عُتبۂ عالی سے نامراد جو لوٹا
ہے کوئی ایسا بھی تشنہ کامِ محمدؐ؟

- یا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ٥ ۵۵ : ۳۳

تکملہ فعّالِ ما یُرید کے فن کا
احسنِ تقویم ہے قوامِ محمدؐ
اونگھتی پلکوں پہ سائے نیند کے لیکن
سونے نہ دے قلبِ لاینامِ محمدؐ

کون ہے صورت گرِ حقیقتِ کبریٰ!
کس کو ہے آگاہیٔ مقامِ محمدؐ؛

○

حق سے ہم آہنگ ہے زبانِ محمدؐ
شاملِ شانِ خدا ہے شانِ محمدؐ

بیمِ خزاں سے ہے اس کا گلکدہ ایمن
پرچمِ سرسبز ہے نشانِ محمدؐ

نسخہ اے اہلِ دل آزمودہ یہی ہے
اشکِ محبت ہے ارمغانِ محمدؐ

چشمِ حقیقت نگر میں کرسیِ رب سے
کم نہیں عزّت میں آستانِ محمدؐ

خندۂ بے جا کا یہ مقام نہیں ہے
نالوں سے معمور ہے جہانِ محمدؐ

اہلِ جہاں کی فغاں تو اپنے لئے ہے
ہے پئے اہلِ جہاں فغانِ محمدؐ

ہو سکے اس پر نہ اہر من کا تسلّط
جس کو ملا ہو خطِ امانِ محمدؐ

ہم ہیں نقیب اس کے، ہم سے قائم و دائم
سلسلۂ آخر الزّمانِ محمدؐ

زندہ ہیں جب تک ہم ایسے لوگ نہ ہو گا
خاتمہ بالخیرِ داستانِ محمدؐ

بے سر و برگِ سفر ہے عازمِ منزل
دیدنی ہے شانِ کاروانِ محمدؐ

کون ہے بالائے سدرہ ہمسفر اس کا؟
کون اَوْ اَدْنٰی پہ ہمعنانِ محمدؐ؟

ان کی زباں آشنائے شکوہ نہیں ہے
جانِ بشاشت میں ہمرہانِ محمدؐ

تختِ کیاں چوبِ خشک سے بھی فروتر
نفعِ دو عالم ہے رائگانِ محمدؐ

کس کو ہے یارائے نعت؟ کر سکے خالدؔ!
کون کما حقّہٗ بیانِ محمدؐ!

ناسخِ ادیانِ کُل ہے دینِ محمدؐ
خیرِ صُحُفؑ ، مُصْحَفِ مبُینِ محمدؐ

منزلِ دلبر کی منزلت کا نہ پُوچھو
عرش سے بالا ہے سرزمینِ محمدؐ

باعثِ افتادگی ہے قُرب کی لذّت
سجدے سے اُٹھتی نہیں جبینِ محمدؐ

اس کے مقدّر میں رُو سیاہی ہے سرمد
سُخرۂ عالم ہے نکتہ چینِ محمّدؐ

ظِلّ و بروز اُس کا جو بنے مُتنَبّی
لاکھ کہے خود کو خوشہ چینِ محمّدؐ

یونہی برستا رہے گا پیاسی زمیں پر
تابہ ابد، ابرِ فرو دینِ محمّدؐ

ہم کو نہیں ذوقِ بادۂ عِنَبی، ہم
ہیں گرو شیر و انگبینِ محمّدؐ

کوئے مغاں کا کریں نہ ہم کبھی پھیرا
ہم کہ ہیں سرمستِ ساتگینِ محمّدؐ

گو نہیں ہم سابِقُون میں سے مگر ہیں
حاملِ پیغامِ آخرینِ محمّدؐ

مصلحتِ ایزدی نہیں تھی وگرنہ
کیوں نہ ہُوئے ہم، ہم نشینِ محمّدؐ

بختِ خجستہ میں اس کے شُبہ کسے جو
ہو متعیّن بہ کارِ دینِ محمدؐ

لُوں نہ تہی مانگی کی داد کِسی سے
میں کہ نوامست رہ نشینِ محمدؐ!

○

○

کون نہیں طالبِ پناہِ محمدؐ

دورِ تطاول میں داد خواہِ محمدؐ؟

جنبشِ مژگاں سے کانپے گردشِ دوراں

زلزلۂ دہر ہے نگاہِ محمدؐ

حِلم و انابت میں شانِ حزم و صلابت

کوہِ گراں کیا ہے برگِ کاہِ محمدؐ

منحصر ایثار پر ہے سروری اِس کی
سچ پہ ہے دار و مدار جاہِ محمدؐ

صبحِ نخستیں سے ہیں نزاہت و عفّت
مروحہ جنبانِ تکیہ گاہِ محمدؐ

کِذب بھی ہے قائل اسکے صدقِ بیاں کا
حاضر و غائب ہیں سب گواہِ محمدؐ

کیوں نہ رہیں سنگِ در پہ ناصیہ فرسا
ہم سے غلامانِ رُوسیاہِ محمدؐ

اِس کے سوا کوئی خِضرِ راہ نہیں ہے
پہنچے خدا تک بشر براہِ محمدؐ

خامہ و قرطاس و مُو قلم سے مُسلّح
ہم بھی تو ہیں شامِل سپاہِ محمدؐ

فخر کا باعث ہے مجھ کو حلقہ بگوشی
میں کہ ہوں خَلَفُ الرّشید شاہِ محمدؐ[1]

---

[1] والدِ محترم

آنکھوں سے دیکھا ہے میں نے دیدۂ پُرنم
کانوں سے میں نے سُنی ہے آہِ محمدﷺ

جنّتِ شدّاد کا نہیں متمنّی
خُلد ہے خالدؔ کا بارگاہِ محمدؐ!

○

رکھتی ہے بیتاب آرزوئے محمدؐ
ہے دلِ زندہ کو جستجوئے محمدؐ

پہلے تھی تابِ نظر کسی کو نہ اب ہے
کس سے بیاں ہو جمالِ روئے محمدؐ؟

حکم ہے یہ حاکمِ قضا و قدر کا،
ہو نہ کبھی سرخرو عدوئے محمدؐ

شاہدِ ناطق ہے اِس کے خُلق کا قرآں
دلدہیٔ بے دلاں ہے خُوئے محمدؐ

نفس ہوا خواہ آب و گِل کے جہاں کا
دل ہے گرفتارِ رنگ و بوئے محمدؐ

عاشقِ مولائے کائنات ہے خالدؔ
رہتا ہے دیوانہ رُو بروئے محمدؐ

باہمہ آوارگی و آبلہ پائی،
رُخ ہے اِس آزادرَو کا سوئے محمدؐ!

○

فارقلیطؐ

منحمناؐ

اور اَب

حمطایاؐ

کے بعد

ماذماذؐ